سندھ آرڈیننس نمبرIII مجریہ2011

SINDH ORDINANCE NO.III OF 2011

سندھ سرکاری ملازمین(ضم شدہ کی مستقلی) آرڈیننس،2011

THE SINDH CIVIL SERVANTS

(REGULARIZATION OF ABSORPTION)

ORDINANCE,2011

(CONTENTS) فہرست

تمہید

(Preamble)

دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

2. تعریف

Definition.

3. ضم شدہ کچھ سرکاری ملازمین کی مستقلی۔

Regularization of absorption of certain civil servants.

سندھ آرڈیننس نمبرIII مجریہ 2011

SINDH ORDINANCE NO.III OF 2011

سندھ سرکاری ملازمین (ضم شدہ کی مستقلی) آرڈیننس، 2011

THE SINDH CIVIL SERVANTS (REGULARIZATION OF ABSORPTION) ORDINANCE,2011

[4 مئی 2011]

آرڈیننس جس کے ذریعے حکومت کے مختلف کھاتوں میں سرکاری ملازمت میں ضم کیئیے گئے کچھ ملازمین کی ملازمت کو مستقل کیا جائے گا۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ عوامی مفادات کے لیئے حکومت کے مختلف کھاتوں میں سرکاری ملازمت میں ضم کیئے گئے کچھ ملازموں کی ملازمت کو مستقل کرنا ضروری ہو گیا ہے جو کہ اس طرح ہو گی اس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا۔

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے۔

اب اس لیئے اسلامی جمہوریہ پاکستان 1973 کے آئین کے عبوری آئین کے آرٹیکل 128 کی شق (1) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ سرکاری ملازمین (ضم شدہ کی مستقلی) ایکٹ، 2011 کہا جائے گا۔
(2) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

2. اس ایکٹ میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو تب تک۔
(a) ”ضم کرنا“ سے مراد اور جس میں شامل ہیں وفاقی حکومت، حکومت، کارپوریشن، کاؤنسل، قانون ساز باڈی یا وفاقی حکومت کی طرف سے قائم کیئے گئے یا زیر ضابطہ کسی اتھارٹی کے کسی ملازم کا ضم ہونا
(b) ” حکومت“ سے مراد سندھ حکومت، اور
(c) ”عہدہ“ سے مراد حکومت کی طرف سے منظور کیا گیا کوئی بھی عہدہ کسی بھی موجود گروپ یا کیڈر میں

تعریف
Definition.

3. (1) جب تک کچھ سندھ سرکاری ملازم ایکٹ، 1973 کے تحت بنائے گئے قواعد، یا کسی ڈکری، حکم یا عدالتی فیصلے کے برعکس نہ ہو صوبے سے منسلک معاملات کے عہدے پر سرکاری ملازم کے طور پر ضم کیئیے گئے ملازم اور اس ایکٹ کی شروعات والی تاریخ پر یا اس سے پہلے عہدہ رکھنے اس کے ضم ہونے والی تاریخ سے اس عہدے پر مستقل بنیادں پر موثر نمونے ضم کیئیے گئے، سمجھا جائے گا۔
2. حکومت کسی مساوی عہدے پر ضم کیئیے گئے سرکاری ملازم، اس کی سینارٹی طے کرنے کے مقصد کے لیے اس کے ضم ہونے سے پہلے سے مساوی عہدے پر ان کو مستقل ملازمت کا فائدہ دیا جائے گا۔

ضم شدہ کچھ سرکاری ملازمین کی مستقلی ۔
Regularization of absorption of certain civil servants.

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔